3095-ایک عورت کنویں میں گر کر فوت ہوگئی توکیا اسے شہداء میں شمار کیا جائے گا؟

سوال

میری والدہ تقریباً 20 سال قبل ایک کنویں میں گر کر فوت ہوگئیں تھیں، کنواں اس وقت مکمل طور پر پانی سے بھرا ہوا نہیں تھا، وہ ایک نیک خاتون تھیں، توکیا انہیں شہدا میں شمار کیا جائے گا؟

پسندیدہ جواب

پانی میں ڈوب کر فوت ہونے والا شہداء میں شمار ہوگا؛ کیونکہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ثابت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (شہداء پانچ ہیں: طاعون کی وجہ سے، پیٹ کی بیماری کی وجہ سے، پانی میں ڈوب کر اور کسی چیز سے دب کر فوت ہونے والے، اور اللہ کی راہ میں شہادت پانے والے [سب شہداء ہیں]) مالک، بخاری، مسلم، ترمذی

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے۔

وصلی اللہ علی نبینا محمد وآلہ وصحبہ وسلم.